## ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیا جانا پاکستان کیلئے بہت بڑا اعزاز ہے، الطاف حسین

## یہ عروج شہیدوں کے لہو کا صدقہ اور گمنام کارکنوں کی محنت اور قربانیوں کی بدولت ہے

## ایم کیو ایم نے فرسودہ جاگیردارانہ کو نہ صرف چیلنج کیا بلکہ اس نظام میں دراڑیں ڈال کر غریب متوسط طبقے کے لوگوں کو ایوانوں میں بھیجا

## مصطفیٰ کمال کو دنیا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر کارکنان کے اعزاز میں عشائیہ سے خطاب

کراچی۔۔۔12، نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ دنیا کے لاکھوں میئر میں پاکستان کے کسی میئر کو بہترین میئر قرار دیا گیا ہے اور یہ صرف کراچی کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کیلئے بہت بڑا اعزاز ہے جس پر تمام پاکستانیوں کو فخر محسوس کرنا چاہیے۔انہوں نے یہ بات ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو امریکی جریدے فارن پالیسی کی جانب سے دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیئے جانے پر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے مختلف ونگز، نائن زیرو کے تمام شعبہ جات کے کارکنان اور سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان کو دیے گئے عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔عشائیہ میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سٹی نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل اور حق پرست ٹاؤن ناظمین نے بھی شرکت کی۔جناب الطاف حسین انہوں نے کہا کہ دنیا کا بہترین میئر قرار دیا جانا صرف مصطفےٰ کمال کیلئے ہی خوشی کی بات نہیں بلکہ یہ ایم کیو ایم کے ایک ایک کارکن کیلئے خوشی اور مسرت کی بات ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایم کیو ایم کی فتح نہیں بلکہ سندھ دھرتی ماں کی فتح ہے جس نے ایسے سپوت کو جنم دیا جس نے پوری دنیا میں سندھ دھرتی اور پاکستان کا نام روشن کیا۔انہوں نے کہا کہ میں دعا گو ہوں کہ دیگر ذمہ داران، کارکنان، وزراء، ارکان اسمبلی اور ناظمین بھی اسی طرح محنت ولگن سے کام کریں تاکہ وہ بھی اسی طرح سندھ دھرتی اور ملک کا نام روشن کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ عروج شہیدوں کے لہو کا صدقہ اور گمنام کارکنوں کی محنت اور قربانیوں کی بدولت ہے۔انہوں نے اس کامیابی پر تمام کارکنوں، ذمہ داروں، رابطہ کمیٹی، ناظمین، کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے عملے کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اس کامیابی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے جس میں ایک بڑا کردار سٹی نائب ناظمہ، تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے محنت کشوں کا بھی ہے جنہوں نے مصطفےٰ کمال کے ہاتھ مضبوط کئے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم نے فرسودہ روایات کو توڑ کر ملک میں نئی اور مثبت روایتوں کو جنم دیا، ہفتہ صفائی بنایا، مفت کتاب بازار لگائے، غریبوں کیلئے سستے پھلوں اور سبزیوں کے اسٹال لگائے۔ایم کیو ایم نے وہ کام کر کے دکھائے جو پاکستان کے سیاسی کلچر میں ناممکن تھے، ایم کیو ایم سے قبل غریب متوسط طبقے کے افراد یہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ وہ سینیٹ اور قومی وصوبائی اسمبلی میں منتخب ہوکر پہنچیں گے لیکن ایم کیو ایم نے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور بے لگام سرمایہ دارانہ نظام کو نہ صرف چیلنج کیا بلکہ اس نظام میں دراڑیں ڈال کر غریب متوسط طبقے کے لوگوں کو بھیج کر پاکستان میں ایک انوکھی تاریخ رقم کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی، تمام ذمہ داروں، سٹی نائب ناظمہ، ناظمین اور کارکنوں نے بھی جناب الطاف حسین کو مصطفےٰ کمال کو دنیا کا بہترین میئر قرار دیے جانے پر مبارکباد پیش کی۔

## قادر پور گیس فیلڈ ایک قومی اثاثہ اور سندھ دھرتی ماں کی ملکیت ہے اور اس کو کسی کے حوالے نہ کیا جائے۔الطاف حسین

## سندھ دھرتی کے ہر غیرت مند بیٹے، بیٹی، ماں اور بزرگ کے دل کی یہی آواز ہے کہ مرسوں، مرسوں۔۔سندھ نہ ڈیسوں

لندن۔۔۔12، نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قادر پور گیس فیلڈ کی نجکاری سے سندھ کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے اپیل کی ہے کہ قادر پور گیس فیلڈ کی نجکاری سے سندھ کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا نوٹس لیا جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قادر پور گیس فیلڈ کی نجکاری کے فیصلہ سے سندھ کے عوام میں تحفظات پائے جاتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ اس منافع بخش ادارے کی نجکاری سندھ کے مفاد میں نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ قادر پور گیس فیلڈ ایک قومی اثاثہ اور سندھ دھرتی ماں کی ملکیت ہے لہٰذا اس قومی اثاثے کو سندھ دھرتی کی گود میں رہنے دیا جائے اور نجکاری کر کے اس ادارے کو کسی کے حوالے نہ کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ قادر پور گیس فیلڈ کی نجکاری سے سندھ دھرتی کے ہر غیرت مند بیٹے، بیٹی، ماں اور بزرگ کے دل کی یہی آواز ہے کہ مرسوں، مرسوں۔۔۔سندھ نہ ڈیسوں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے اپیل کی کہ وہ قادر پور گیس فیلڈ کی نجکاری سے سندھ کے عوام میں پائے جانے والے تحفظات سنیں اور اس منافع بخش قومی اثاثے کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیا جائے۔

## ڈاکٹرعشرت العباد اپنی صلاحیتوں کی بناء پرسندھ کے سب سے طویل عرصہ تک فائز رہنے والے گورنر بن گئے ہیں جس پر وہ زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔الطاف حسین

## ڈاکٹرعشرت العباد نے صوبہ کےعوام کی بلاامتیاز خدمت کی اوراپنے کردار سے مخالفوں کے دلوں میں بھی جگہ بنائی۔الطاف حسین

کراچی۔۔۔12،نومبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد کوطویل ترین عرصہ تک صوبہ کے گورنر بننے پرزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔وہ ناظم کراچی مصطفی کمال کودنیا کا دوسرا بہترین میئرقراردیئے جانے پرلال قلعہ گراؤنڈعزیزآباد میں ایم کیوایم کے مختلف ونگز،نائن زیرو کے تمام شعبہ جات کے کارکنان اورسیکٹرکمیٹیوں کے ارکان کودیے گئے عشائیہ سے خطاب کررہے تھے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ ڈاکٹرعشرت العباد نے گورنرسندھ کے منصب پرفائز ہونے کے بعدصوبہ کےعوام کی بلاامتیاز خدمت کی ہے اوراپنے کردار سے مخالفوں کے دلوں میں بھی جگہ بنائی،ڈاکٹرعشرت العباد اپنی صلاحیتوں کی بناء پرسندھ کے سب سے طویل عرصہ تک فائز رہنے والے گورنر بن گئے ہیں جس پر وہ زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔اس موقع پراجتماع میں موجودایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،تمام تنظیمی ونگز،شعبہ جات،سیکٹرکمیٹیوں کے ارکان،حق پرست وزراء ،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،سٹی نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل،حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ناظمین اورتمام شرکاء نے زورداتالیاں بجاکرگورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العبادکوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## سٹی ناظم کراچی مصطفی کمال کودنیا کادوسرا بہترین میئرقراردیے جانے پرمسلم لیگ ق کے رہنما محمدعلی درانی اوررکن قومی اسمبلی سمیرہ ملک کی الطاف حسین کوفون پرمبارکباد

## کراچی میں بڑے پیمانے پرترقی ہوئی ہے جسے دنیاتسلیم کررہی ہے۔محمدعلی درانی

## کراچی کے ناظم کودنیامیں بہترین میئرکااعزاز ملنے پرہمیں فخرہے۔سمیرہ ملک

## حق پرست قیادت پورے ملک کی اسی طرح خدمت کرنا چاہتی ہےاورملک کوترقی دیناچاہتی ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔12نومبر2008ء

مسلم لیگ ق کے رہنمااورسابق وفاقی وزیراطلاعات ونشریات محمدعلی درانی اوررکن قومی اسمبلی سمیرہ ملک نے سٹی ناظم کراچی مصطفی کمال کودنیاکادوسرا بہترین میئرقراردیے جانے پرمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کولندن فون کرکے مبارکبادپیش کی۔محمدعلی درانی نے کہاکہ کراچی میں واقعی بڑے پیمانے پرترقی ہوئی ہےاوراب کراچی میں واضح تبدیلی محسوس ہوتی ہے جسے دنیابھی تسلیم کررہی ہےاورمصطفی کمال کودنیاکادوسرا بہترین میئرقراردیاجانا کراچی کیلئے بہت بڑااعزاز ہے۔رکن قومی اسمبلی محترمہ سمیرہ ملک نے جناب الطاف حسین کومبارکبادپیش کرتے ہوئے کہاکہ کراچی کے ناظم کودنیامیں بہترین میئرکااعزاز ملنے پرہمیں فخرہےاوراس پرہم ایم کیوایم کی قیادت کوزبردست مبارکبادپیش کرتے ہیں۔اس موقع پرگفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہاکہ یہ صرف کراچی کیلئے ہی نہیں بلکہ پورے ملک کیلئے ایک بڑااعزاز ہے۔حق پرست قیادت پورے ملک کی اسی طرح خدمت کرناچاہتی ہےاورملک کوترقی دیناچاہتی ہے۔انہوں نے کہاکہ ہماری اللہ تعالیٰ سے دعاہے کہ وہ ہمارے اندرملک اورعوام کی خدمت کاجذبہ اسی طرح قائم رکھے۔

## مصطفی کمال کودنیاکابہترین میئرقراردیئے جانے پرایم کیوایم کے مرکز نائن زیرواوراطرف کی گلیوں میں چراغاں

کراچی۔۔۔12،نومبر2008ء

ناظم کراچی سیدمصطفی کمال کوامریکی جریدے کی جانب سے دنیاکادوسرا بہترین میئرقراردیئے جانے کی خوشی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرواوراطراف کی گلیوں میں چراغاں کیا گیا۔اتوارکی شب اس خوشی میں لال قلعہ گراؤنڈعزیزآباد میں منعقدہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے موقع پررات میں بھی تمام علاقہ جگمگ کررہاتھااوررنگ برنگے برقی قمقمے خوبصورت سماں پیش کررہے تھے۔

## طالبان کے حوالہ سے عوامی نیشنل پارٹی کی دوعملی معنی خیز ہے، رابطہ کمیٹی

## صوبہ سرحد میں طالبان اے این پی کے رہنماؤں کونشانہ بنارہے ہیں لیکن کراچی میں اے این پی طالبان کی حمایت کررہی ہے

## رابطہ کمیٹی کے ارکان محمدانور، طارق جاویداور جاوید کاظمی کامشترکہ بیان

لندن۔۔۔12،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمدانور، طارق جاویداور جاوید کاظمی نے پشاور میں قیوم اسٹیڈیم کے مرکزی دروازے پرخودکش حملہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ طالبان کے حوالہ سے عوامی نیشنل پارٹی کی دوعملی معنی خیز ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ القاعدہ اور طالبان کے دہشت گرد اے این پی کے سربراہ اسفندیارولی، وزیراعلیٰ سرحد اور صوبائی وزراء پرخودکش حملے کرکے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلارہے ہیں لیکن ہمیں تعجب ہے کہ کراچی میں عوامی نیشنل پارٹی کے لوگ نہ صرف طالبان کو پناہ دے رہے ہیں اوران کی حمایت کررہے ہیں بلکہ ان کی ہرطرح سے مدد بھی کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کونسی پختون روایت ہے کہ اے این پی کے رہنماءصوبہ سرحد میں طالبان کے دہشت گردوں کے خودکش حملوں کا نشانہ بن رہے ہیں اورانکی مخالفت کررہے ہیں جبکہ اے این پی والے کراچی میں انہی طالبان کی حمایت بھی کررہے ہیں اوران دہشت گردوں کو پناہ بھی دے رہے ہیں۔محمدانور، طارق جاویداور جاوید کاظمی نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کومشورہ دیا کہ وہ خودکش حملے اور بم دھماکے کرکے بے گناہ شہریوں کو ہلاک وزخمی کرنے والے دہشت گردوں کی کھل کرمخالفت کریں اورکراچی میں طالبان کے دہشت گردوں کی حمایت کا سلسلہ ترک کردیں۔

## مصطفےٰ کمال کودنیا کا دوسرابہترین میئرکا اعزاز حاصل ہونے سے ہمارے سرفخر سے بلند ہوگئے ہیں۔نسرین جلیل

کراچی۔۔۔12،نومبر 2008ء

سٹی نائب ناظمہ کراچی بیگم نسرین جلیل نے کہا ہے کہ سٹی ناظم مصطفےٰ کمال کودنیا کا دوسرابہترین میئرکا اعزاز حاصل ہونے سے ہمارے سرفخر سے بلند ہوگئے ہیں۔ایم کیوایم کے کارکنان کے اعزاز میں استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔محترمہ نسرین جلیل نے اس موقع پر جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے انہیں مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مصطفیٰ کمال کی اس کامیابی کا سہرادرحقیقت صرف اورصرف آپکے سرجاتا ہے کہ آپ نے ہم کارکنان کی ایسی تربیت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ اگراندرون سندھ کی شہری اورضلعی حکومتیں مصطفی کمال کے تجربےاورصلاحیتوں سے استفادہ کریں تواندرون سندھ کے شہر بھی کراچی کی طرح ترقی یافتہ اورخوبصورت ہوسکتے ہیں۔

## سکھ برادری کے روحانی پیشوابابا گرونانک صاحب کے جنم دن پرالطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔12،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سکھوں کے روحانی پیشوابابا گرونانک صاحب کے جنم دن پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم سکھ برادری کودلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بابا گرونانک صاحب نے اپنی تعلیمات میں انسانیت کی بھلائی کا درس دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام مذاہب کا احترام کرتی ہے اور پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کو برابر کا پاکستانی تسلیم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بابا گرونانک صاحب کے جنم دن کی خوشی میں سکھ برادری کے ساتھ ہے۔جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم سکھ برادری سے اپیل کی کہ وہ اس موقع پر اپنی دعاؤں اورعبادات میں دنیا بھر میں امن وشانتی، پیارومحبت، بھائی چارے کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کیلئے بھی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن محمد فریدالدین اور قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن محمد اکرم کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن محمد فریدالدین ولد محمد یاسین قادری اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن محمد اکرم کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہداء کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے دو کارکنان کو شہید کردیا
## فریدالدین اور محمد اکرم کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے،کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی اعلیٰ سطح تحقیقات کرائی جائیں،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔12،نومبر 2008ء

مسلح دہشت گردوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کرکے متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن محمد فریدالدین ولد محمد یاسین قادری اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن محمد کو شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق محمد فریدالدین کو کالا پل کے قریب مسلح موٹر سائیکل سواروں نے سر میں گولی ماری جس کے باعث وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔ شہید کے سوگواران میں دو بیواؤں سمیت 8 بچے شامل ہیں۔فریدالدین شہید کو سرجانی ٹاؤن سیکٹر 3 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عادل خان،نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد ذوالفقار،ایم کیوایم سرجانی اور نیوکراچی سیکٹر کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔اسی طرح مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن محمد اکرم کو شہید کردیا۔بدھ کے روز محمد اکرم یونٹ 126 کے کارکن محمد عمران اور ایک ہمدرد کے ہمراہ علاقے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے اندھادھند فائرنگ کرکے تینوں کو زخمی کردیا۔زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال لیجایا گیا تاہم ایم کیوایم کے کارکن محمد اکرم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد فریدالدین اور محمد اکرم کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش ہیں۔۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران ایم کیوایم کے کئی کارکنوں کو فائرنگ کرکے شہید کیا جاچکا ہے اور آج تک کارکنان کے قتل میں ملوث قاتل گرفتار نہیں کئے جاسکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ محمد فریدالدین اور محمد اکرم کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور کارکنان کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔

## چیئرمین ہیومن رائٹس ویلفیئر فاؤنڈیشن میاں سرافراز احمد نے بلوچستان زلزلہ کیلئے امدادی سامان کی کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرادی

کراچی۔۔۔12،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی شعیب احمد بخاری نے بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے چیئرمین ہیومن رائٹس ویلفیئر فاؤنڈیشن میاں سرافراز احمد کی جانب سے امدادی سامان کی کھیپ جمع کرانے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور ان کے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کی تعریف کی ہے۔گزشتہ روز میاں سرفراز احمد بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے امدادی سامان پر مشتمل ایک کھیپ لیکر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پہنچے جہاں رابطہ کمیٹی کے رکن ومینجنگ ٹرسٹی شعیب احمد بخاری نے ان کا استقبال کیا اور ان سے امدادی اشیاء کی کھیپ وصول کی۔اس موقع پر شعیب احمد بخاری نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کی 3 کروڑ روپے مالیت سے زائد کی امداد کرچکی ہے اور امداد سامان کی موصول ہونے والی یہ کھیپ بھی جلد متاثرہ علاقوں میں روانہ کردی جائے گی۔انہوں نے بلوچستان زلزلہ زدگان کی امداد کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن سے تعاون کرنے پر عوام اور مخیّر حضرات سے بھی دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## ایم کیو ایم سکھر زونل کمیٹی کے رکن، قمبر شہداد کوٹ کے جوائنٹ یونٹ انچارج، سکھر
## اور میر پور خاص زون، نیو کراچی سیکٹر کے کارکنان اور گلبرگ ٹاؤن یوسی 2 کے حق پرست ناظم سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سکھر زون کی زونل کمیٹی کے رکن سعید احمد کے والد امام بخش، ایم کیو ایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ قمبر علی خان کے جوائنٹ یونٹ انچارج ممتاز شاہ کے والد مٹھل شاہ، ایم کیو ایم سکھر زون یوسی 10 کے کارکن محمد حبیب کے والد محمد رفیق، ایم کیو ایم میر پور خاص زون یونٹ 4A کے کارکن شفیق احمد کی ہمشیرہ محترمہ سلمیٰ، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن وقار حیدر کی والدہ محترمہ خورشید فاطمہ، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 143 کے کارکن محمد سلیم کی والدہ محترمہ محمودہ بیگم اور گلبرگ ٹاؤن کی یوسی 2 کے حق پرست ناظم عبدالقادر میمن کی والدہ محترمہ حاجیانی زلیخا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایمپلائیز ویلفیئر ایسوسی ایشن جامعہ کراچی فرید احمد صدیقی کے والد کے انتقال پر اے پی ایم ایس او اظہار افسوس

کراچی۔۔۔12، نومبر 2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین اور مرکزی کابینہ کے دیگر ارکان نے ایمپلائیز ویلفیئر ایسوسی ایشن جامعہ کراچی کے فرید احمد صدیقی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆